دفتر ریجنل الیکشن کمشنر سرگودھا ڈویژن

14 جون 2024

سرگودھا

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کی جانب سے سرگودھا کے ریجنل الیکشن کمشنر اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کے نئے تعمیر شدہ دفاتر کا افتتاح

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ نے آج سرگودھا میں ریجنل الیکشن کمشنر اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کے نئے تعمیر شدہ دفاتر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ جو کہ ایک سال آٹھ ماہ میں [مقررہ مدت سے چار ماہ قبل] مکمل کیے گیے .

افتتاحی تقریب میں چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان نے نئے دفاتر کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا، "یہ دفاتر نہ صرف الیکشن کے عمل کو مزید شفاف اور منظم بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے بلکہ عوام کو بھی بہتر خدمات فراہم کرنے میں معاون ہوں گے۔" انہوں نے مزید کہا کہ یہ اقدام عوام کے اعتماد کو بڑھانے اور انتخابات کے عمل کو بہتر بنانے کی ہماری کوششوں کا حصہ ہے۔

تقریب میں ریجنل الیکشن کمشنر سرگودھا ڈویژن ابرار احمد جتوئی، ڈسٹرکٹ الکشن کمشنر سرگودھا غلام عباس، الیکشن آفیسرز عدنان اقبال اعوان، محمد علی رانا، ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکاونٹس شہر یار شاکر۔ پاک پی ڈبلیو ڈی کے عہدیداران چیف انجینئر انوارالحق ڈوگر، ایس-ای شعیب سلیم، ایکس-ای-این محمد عدنان، زاہد کامران، ایس-ڈی-او احمد نبیل، اور دیگر معززین نے بھی شرکت کی۔

اس موقع پر ریجنل اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور کہا کہ "ہماری ٹیم جدید ٹیکنالوجی اور بہترین انتظامی صلاحیتوں کے ساتھ عوامی خدمت کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔"

نئے دفاتر میں جدید انفراسٹرکچر، اعلیٰ معیار کے کمیونیکیشن سسٹمز اور بہترین فائل مینجمنٹ سسٹم شامل ہیں جو الیکشن کے تمام مراحل کو زیادہ آسان اور مؤثر بنائیں گے۔ اس کے علاوہ، دفاتر میں عوامی سہولت کے لیے خصوصی کاؤنٹرز اور استقبالیہ بھی بنائے گئے ہیں جہاں عوام اپنی شکایات اور مسائل کا فوری حل تلاش کر سکیں گے۔

الیکشن کمیشن پاکستان کا یہ اقدام اس بات کا عکاس ہے کہ وہ ملک میں آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدرانہ انتخابات کے انعقاد کے لیے مسلسل کوشاں ہے اور عوام کی خدمت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہا ہے۔

REGIONAL ELECTION COMMISSIONER
SARGODHA
DISTRICT ELECTION COMMISSIONER
SARGODHA